آن لائن رجسٹریشن کے لیے مرحلہ وار رہنمائی

Comune di Nervianoکی ویب سائٹ:
Comune di Nerviano

موضوعاتی ویب سائٹس → (Siti Tematici) تعلیمی خدمات(Servizi Scolastici)

1A) اُن صارفین کے لیے جو پہلے سے بلدیاتی خدمات استعمال کر رہے ہیں:

والدین/سرپرست (درخواست دہندہ/ادائیگی کرنے والے) کے SPIDیا CIE کے ذریعے محفوظ حصے میں داخل ہوں۔

بائیں جانب موجود آپشن "Iscrizioni a.s. 2026/27" پر کلک کریں اور نئی درخواست فارم پُر کریں۔

1B) اُن صارفین کے لیے جو پہلی بار بلدیاتی خدمات میں رجسٹریشن کر رہے ہیں:

SPIDیا CIEدرج کرنے کے بعد اس آپشن پر کلک کریں:

"Non ho il codice utente. Clicca qui per iscrizione nuovo alunno"

(میرے پاس صارف کوڈ نہیں ہے۔ نئے طالب علم کی رجسٹریشن کے لیے یہاں کلک کریں)

تمام مطلوبہ معلومات درج کریں:

- دونوں والدین کی ذاتی معلومات
- رجسٹر ہونے والے طالب علم کی معلومات
- ٹیکس کوڈ(Codice Fiscale)
- فون نمبر
- اگر موجود ہو تو ای میل ایڈریس

اسکول منتخب کریں اور کلاس کے طور پر) "NUOVI" **نئے طلبہ** (درج کریں۔

توجہ دیں

یاد رہے کہ **بل** (Invoices) درخواست دہندہ (والد/والدہ/سرپرست جو ادائیگی کرے گا) کے نام پر جاری کیے جائیں گے۔

نام کی تبدیلی صرف **غیر معمولی صورت میں** قبول کی جائے گی، اور اس کے لیے دونوں والدین کے دستخط شدہ تحریری درخواست درکار ہوگی۔

2 خدمات کا انتخاب کریں (✓ نشان لگا کر)

مندرجہ ذیل ہدایات کو مدنظر رکھیں:

اسکول کھانا(REFEZIONE)

کھانے کے دن اسکول کے منتخب کردہ اوقات کے مطابق پہلے سے مقرر ہوتے ہیں، اس لیے انہیں تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

خصوصی غذا(DIETA)

اگر آپ خصوصی غذا کی درخواست کرنا چاہتے ہیں تو متعلقہ باکس میں ✓ نشان لگائیں۔
اس کے بعد سسٹم خودکار طور پر **ضمیمہ** "B" تیار کرے گا، جسے آن لائن رجسٹریشن مکمل ہونے کے بعد پرنٹ کرنا ہوگا۔

ضمیمہ "B" کے ساتھ:

- اگر صحت کی وجہ سے خصوصی غذا درکار ہے تو **میڈیکل سرٹیفکیٹ** بھی شامل کریں۔

یہ دستاویزات صرف PDF فارمیٹ (تصویر نہیں) میں ای میل کریں:

istruzione.sport@comune.nerviano.mi.it

یا انہیں **تعلیمی دفتر** (Pubblica Istruzione) میں ذاتی طور پر یہ دستاویزات **24 اگست 2026 کی مقررہ آخری تاریخ تک** جمع کروائیں۔

پری-اسکول / پوسٹ-اسکول سروس(PRE – POST SCUOLA)

والدین کی ملازمت کی تصدیق کے لیے **آن لائن خود تصدیقی فارم** بھرنا لازمی ہے، بصورت دیگر سروس میں داخلہ نہیں دیا جائے گا۔

ٹرانسپورٹ – سیکنڈری اسکول (درجہ اول)

منتخب شدہ بس اسٹاپ درج کرنا اور **آن لائن خود تصدیقی فارم) ضمیمہ (A** بھرنا ضروری ہے۔

ضمیمہ "A" اور طالب علم کی **1** تصویر تعلیمی دفتر میں **24 اگست 2026 کی مقررہ آخری تاریخ تک** جمع کروانی ہوگی۔

اگر یہ خود تصدیق جمع نہ کروائی گئی تو درخواستوں کی زیادتی کی صورت میں ترجیحی درجہ بندی (graduatoria) کے لیے ضروری پوائنٹس نہیں دیے جائیں گے۔

ٹرانسپورٹ – پرائمری اسکول

آن لائن خود تصدیقی فارم) ضمیمہ (A بھرنا ضروری ہے۔

ضمیمہ "A" اور طالب علم کی **1** تصویر تعلیمی دفتر میں **24 اگست 2026 کی مقررہ آخری تاریخ تک** جمع کروانی ہوگی۔

اگر خود تصدیقی فارم جمع نہ کروایا گیا تو اضافی درخواستوں کی صورت میں درجہ بندی کے لیے پوائنٹس نہیں دیے جائیں گے۔

رعایتی فیس کی درخواست–ISEE

اگر آپ رعایتی **فیس** (ISEE) کی درخواست کرنا چاہتے ہیں تو:

"Richiedo riduzione Isee" والے باکس پر ✓ نشان لگائیں اور مطلوبہ معلومات درج کریں۔

یہ معلومات INPS سے جاری شدہ ISEE 2026 سرٹیفکیٹ میں دستیاب ہوں گی۔

اہم نوٹ:

اعلان کردہ ISEE 2026 کی جانچ INPS پورٹل کے ذریعے کی جائے گی۔

- اگر تصدیق کے دوران اعلان کردہ رقم اور اصل ISEE سرٹیفکیٹ میں فرق پایا گیا تو فیس کے حساب کے لیے رقم کو سرکاری طور پر درست کر دیا جائے گا۔
- اگر یہ ثابت ہو جائے کہ ISEE غلط معلومات یا نامکمل معلومات پر مبنی ہے، تو رعایت واپس لے لی جائے گی، اور جھوٹے بیانات کی صورت میں قانونی کارروائی بھی ہو سکتی ہے۔

3.فارم مکمل ہونے کے بعد

مختص جگہ میں کنٹرول کوڈ (Codice di controllo) درج کریں:

مثال< XXXX > :

پھر "Conferma modulo" (فارم کی تصدیق کریں) پر کلک کریں۔

4.درخواست کی رجسٹریشن

درخواست بلدیہ کو موصول ہو جائے گی اور اسے **تاریخی/ترتیبی نمبر** دیا جائے گا۔

"OK" دبانے کے بعد پروگرام درخواست کو PDF فارمیٹ میں **محفوظ** کر دے گا، تاکہ آپ درج شدہ **معلومات** چیک کر سکیں۔

آپ رجسٹریشن فارم اور ممکنہ **ضمیمہ** A ، B اور C کو پرنٹ بھی کر سکتے ہیں۔

اہم توجہ

رجسٹریشن فارم کو نہ **بھیجنا ہے اور نہ ہی جمع کروانا ہے۔**

صرف درج ذیل چیزیں جمع کروانی ہیں:

- **ضمیمہ** "A" طالب علم کی تصویر کے ساتھ؛
- **ضمیمہ** "B" (اگر ضروری ہو) میڈیکل سرٹیفکیٹ کے ساتھ – ای میل یا ذاتی طور پر جمع کروایا جا سکتا ہے۔

اگر غلطی ہو جائے تو کیا کریں؟

اگر آپ سے کوئی معلومات غلط درج ہو گئی ہو یا رہ گئی ہو، تو **نئی درخواست** جمع کریں۔

نئی درخواست کو نیا **رجسٹریشن نمبر** دیا جائے گا، جبکہ پرانی غلط درخواست **خودکار طور پر منسوخ** ہو جائے گی۔

اہم نوٹ

رجسٹریشن کی تصدیق حاصل کرنے کے لیے **ای میل ایڈریس والا خانہ بھرنا لازمی ہے۔**